© rasailojaraid.com

# اخبار

## غیر ملکی دانش وروں کا ادارہ تحقیقات اسلامی میں ورود

ترکی اور امریکہ سے 'عالمی امن' کے مذاکرے میں شمولیت کرنے والے معروف دانش ور ۱۱ اگست کو ادارہ تحقیقاتِ اسلامی میں تشریف لائے۔ یہ انقرہ یونیورسٹی کے پروفیسر ارحام دزگان (ORHAN DUZGUNES) اور پروفیسر جمہور فرمان (JUMHUR FERMAN) اور کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر ہاورڈ رگم (HOWARD WRIGGIM) تھے۔ ان کے ہمراہ سندھ یونیورسٹی کے ڈاکٹر نیاز الحق خان اور کراچی یونیورسٹی کے ڈاکٹر منظور الدین احمد بھی تشریف لائے تھے۔

جناب ڈاکٹر محمد صغیر حسن معصومی ڈائرکٹر ادارہ نے معزز پروفیسروں کو خوش آمدید کہا۔ آپ نے معزز مہمانوں کے سامنے ادارے کے کئی منصوبوں (PROJECTS) کی وضاحت فرمائی۔ اور ادارے کے دانش ور جن موضوعات پر اس وقت کام کر رہے ہیں ان پر روشنی ڈالی۔ مہمانوں کو ادارے کے مختلف حصے بھی دکھائے گئے۔

بعد ازاں معزز مہمانوں کی خدمت میں ادارے کی مطبوعات کا ایک ایک سیٹ پیش کیا گیا۔

---

## قرآنی تصورِ خلافت ـــ مذاکرہ کا انعقاد

۲۴ اگست ہفتہ کے روز ادارہ تحقیقاتِ اسلامی نے "قرآنی تصورِ خلافت" کے موضوع پر یہاں ایک مذاکرہ منعقد کرایا۔ سیلون اور ایران سے آنے والے دانش وروں نے بھی اس میں شرکت کی۔

مذاکرے کا افتتاح جناب ڈاکٹر منظور الدین احمد ریڈر پولیٹیکل سائنس کراچی یونیورسٹی

(باقی صفحہ ۲۲۰ پر)

© rasailojaraid.com